# سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ

مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی چار آیات ہیں

## رکوع نمبر ۱ — آیات ۱ تا ۴ — عَمَّ ۳۰/۳۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ شروع خدا کا نام لے کر جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے ○

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝۱ کہو کہ وہ ذات پاک جس کا نام، اللہ (ہی) ایک ہے ①

اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝۲ وہ (معبود برحق بے نیاز ہے ②

لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝۳ نہ کسی کا باپ ہے اور نہ کسی کا بیٹا ③

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝۴ اور کوئی اُس کا ہمسر نہیں ④

THE UNITY

*Revealed at Mecca*

In the name of Allah, the Beneficent, the Merciful

1. Say: He is Allah, the One!
2. Allah the eternally Besought of all!
3. He begetteth not nor was begotten.
4. And there is none comparable unto Him.

## اسرار و معارف

کہہ دیجئے کہ اللہ وہ ذات ہے جو تمام کمالات کا جامع اور تمام نقائص سے پاک ہے اُس جیسا کوئی دوسرا نہیں جس کی سب مخلوق محتاج ہے مگر وہ کسی کا محتاج نہیں اُسے مخلوق پر قیاس تک نہیں کیا جا سکتا کہ نہ وہ کسی کی اولاد ہے نہ کوئی اس کی وہ ایسا نہیں جو نسب سے وجود میں آئے نہ کوئی اسکا مثل ہے نہ اس سے مشابہہ ہے اُس کے ساتھ کسی طرح بھی ذات یا صفات میں کسی کو شریک نہیں کیا جا سکتا۔